## ایم کیوایم کے خلاف عصبیت کی بنیاد پر سب سے زیادہ پروپیگنڈہ کیا گیا، الطاف حسین
## جب عصبیت انتہاء کو پہنچادی جائے تو ملک میں طرح طرح کے نعروں کا لگنا قطعی فطری عمل ہوگا
## ایم کیوایم سے عصبیت کی بنیاد پر سید مصطفیٰ کمال اور ڈاکٹر عشرت العباد کو آج تک قومی اعزازات سے محروم رکھا گیا ہے
## ماضی میں عصبیت کی بنیاد پر سندھ میں اکثریت رکھنے کے باوجود ایم کیوایم کا وزیراعلیٰ قبول نہیں کیا گیا
## غیر متعصب میڈیا اور اینکر پرسن کو اپنا سلام پیش کرتا ہوں، الطاف حسین

لندن:۔۔۔20، اپریل 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ عوامی نمائندگی رکھنے والی جماعت کے خلاف عصبیت انتہاء کو پہنچادی جائے تو ملک میں طرح طرح کے نعروں کا لگنا قطعی فطری عمل ہوگا۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ، پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کے خلاف عصبیت کی بنیاد پر سب سے زیادہ پروپیگنڈہ کیا گیا تاکہ ملک بھر کے عوام کو ایم کیوایم کے انقلابی پیغام اور حق پرستانہ فکر وفلسفہ سے دوررکھا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ہرسال مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی شخصیات کوسینکڑوں اعزازات دیئے جاتے ہیں لیکن قومی اعزازات کی تقسیم کے معاملے میں بھی ایم کیوایم کے نمائندوں کوعصبیت کا نشانہ بنایا گیا۔سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو پوری دنیا کے قابل ترین افراد پر مشتمل بورڈ نے دنیا کے تین بہترین میئر میں شامل کیا لیکن یہ عصبیت کی انتہاء ہے کہ دنیا کے بہترین میئرز کی فہرست میں شامل ہونے اور پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے سید مصطفیٰ کمال کا وطن واپسی پر نہ تو حکومت کی جانب سے کوئی استقبال کیا گیا، نہ ہی ان کے اعزاز میں کوئی عصرانہ، عشائیہ یا استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی۔پوری دنیا کی جانب سے سید مصطفیٰ کمال کو بہترین میئرز میں شامل کرنے کے باوجود پاکستان میں ہرسال قومی اعزازات پانے والوں کی فہرست تیار کرنے والوں کی آنکھوں پر عصبیت کی عینک لگی رہی اور انہیں پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے سید مصطفیٰ کمال کا چہرہ نظر نہیں آیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ چند ایک نشریاتی ادارے اور اینکر پرسن نے سید مصطفیٰ کمال کا انٹرویو لیکر ان کی کارکردگی کو سراہا جس پر میں ایسے تمام غیر متعصب اینکر پرسن کو اپنا سلام پیش کرتا ہوں لیکن ایم کیوایم سے عصبیت کی بنیاد پر پاکستان کے اکثریتی نشریاتی اداروں نے بطورحسن کارکردگی سید مصطفیٰ کمال کو کسی انعام سے نوازنا تو کجا، یادگار کے طور پر اپنے ادارے کا مونوگرام تک دینے کا مستحق بھی نہیں سمجھا۔چیف جسٹس آف پاکستان اور سپریم کورٹ کے دیگر معزز جج صاحبان کی جانب سے سید مصطفیٰ کمال کے ترقیاتی کاموں کی تعریف کی گئی لیکن مصطفیٰ کمال کی تعریف میں دولفظ لکھنے کیلئے بیشتر قلمکاروں کے قلم کی سیاہی خشک پڑ گئی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد پاکستان کی تاریخ میں سب سے زیادہ طویل مدت تک فائز رہنے والے گورنر ہیں، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی صوبے کیلئے خدمات اور ان کی کارکردگی سے اپنے پرائے سبھی خوش ہیں لیکن گورنر سندھ کو بھی تاحال تمام تر قومی اعزازات سے محروم رکھا گیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اسی طرح 1997ء میں سندھ کی صوبائی اسمبلی میں ایم کیوایم نے اکثریت حاصل کی لیکن جب وزیراعلیٰ سندھ بنانے کا معاملہ آیا تو طرح طرح کے حیلے بہانے بنا کر ایم کیوایم کا وزیراعلیٰ قبول کرنے سے انکار کیا گیا اس عمل کو کھلی عصبیت نہ کہا جائے تو پھر اور کیا کہا جائے گا؟ انہوں نے کہا کہ جب عصبیت کا معاملہ اپنی حدوں کو چھو جائے تو ملک میں طرح طرح کے نعرے اور صدائیں بلند نہ ہونگیں تو پھر اور کیا ہوگا؟

## چکلالہ ائیربیس کے قریب نجی فضائی کمپنی کے مسافر بردار طیارے کا حادثہ قومی سانحہ ہے، الطاف حسین
## فضائی کمپنی کے مسافر بردار طیارے کے حادثے پر اظہار افسوس، ہلاک ہونیوالے مسافروں کے لواحقین سے دلی تعزیت

لندن۔۔۔20 اپریل 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے چکلالہ ائیربیس کے قریب نجی فضائی کمپنی کے مسافر بردار طیارے کے حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور فضائی حادثے کو قومی سانحہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے فضائی حادثے میں ہلاک ہونیوالے مسافروں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا کہ فضائی حادثے کی غیر جانبدارانہ عدالتی تحقیقات کرائی جائے اور فضائی حادثات کی روک تھام کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کیے جائیں۔

## سینئر صحافی ایس ایم شکیل کی اہلیہ محترمہ فرزانہ شکیل کی علالت پر جناب الطاف حسین کا اظہار تشویش

## حق پرست عوام محترمہ فرزانہ شکیل کی صحت یابی کیلئے دعا کرے، اپیل

لندن:۔۔۔20، اپریل 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے سینئر صحافی ایس ایم شکیل کی اہلیہ محترمہ فرزانہ شکیل کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں اور ایم کیوایم کے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ محترمہ فرزانہ شکیل کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، کراچی ایئر پورٹ پہنچ گئے

## چکلالہ ایئربیس کے مسافر طیارے کے حادثے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوار اہلخانہ سے ملاقات

## چکلالہ ائیربیس کے مسافر بردار طیارے کے حادثے کے جاں بحق ہونیوالے افراد کے لواحقین کیلئے مناسب سہولیات فراہم کی جائیں، لواحقین کوجلد ازجلد اسلام آباد لے جانے کا انتظام کیا جائے

## ایم کیوایم اسلام آباد ڈسٹرکٹ انچارج وارا کین کمیٹی، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران حادثے کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوع پر پہنچ گئے، جہاں پرانہوں نے امدادی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا

کراچی:۔۔۔20اپریل، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، کراچی ایئر پورٹ پہنچ گئے جہاں انہوں نے چکلالہ ایئربیس کے مسافر طیارے کے حادثے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوار اہلخانہ سے ملاقات کی ۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سانحہ میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے سانحہ میں جاں بحق ہونیوالے افراد کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے دعا بھی کی ۔اس موقع پر رضا ہارون نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ چکلالہ ائیربیس کے قریب نجی فضائی کمپنی کے مسافر بردار طیارے کے حادثے کے جاں بحق ہونیوالے افراد کی شناخت کیلئے معلوماتی کاونٹر بنایا جائے اورانہیں مناسب سہولیات فراہم کی جائیں اورلواحقین کوجلد ازجلد اسلام آباد لے جانے کا انتظام کیا جائے ۔دریں اثناء قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم اسلام آباد ڈسٹرکٹ انچارج یاسر علی وارا کین کمیٹی ، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران حادثے کی اطلاع ملتے ہی جائے وقوع پر پہنچ گئے جہاں پرانہوں نے امدادی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا جبکہ ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکیٹو کونسل کے رکن زاہد ملک نے ایم کیوایم راولپنڈی زون کی زونل کمیٹی کے ہمراہ پیمز اسپتال کا دورہ کیا اور روہاں پر جاری طیارے کے حادثے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کی لائی جانیوالی لاشوں کے منتقل کرنے کے کاموں میں حصہ لیا۔

## روزنامہ ڈان کے سینئر اسسٹنٹ ایڈیٹر مرتضیٰ رضوی کی ناگہانی موت پر

## رابطہ کمیٹی کے رکن وشعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل کا اظہار تعزیت

لندن:۔۔۔20اپریل، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وشعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے روزنامہ ڈان کے سینئر اسسٹنٹ ایڈیٹر اور میگزین سیکشن کے انچارج مرتضیٰ رضوی کی ناگہانی موت پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرتضیٰ رضوی کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کے افکار وفلسفہ پرعمل پیرا ہوکر ہم ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردارادا کرسکتے ہیں،سلیم شہزاد
## وہ دن دورنہیں جب ملک سے ظلم وجبر کا راج ختم ہوگا اورجلدحق پرستی کا سورج طلوع ہوگا،سید شاکر علی
## ایم کیوایم حیدرآبادزون کے زیراہتمام ہونے والے پکا قلعہ گراونڈ میں تربیتی نشست سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔20اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ رکن رابطہ کمیٹی سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ کسی بھی مشن ومقصد کی کامیابی کیلئے کارکنان میں حوصلہ اور ہمت وہ قیادت فراہم کرتی ہے جو اپنے نظریہ کے خاطر بڑی سے بڑی قربانیاں پیش کرتی ہو۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زیراہتمام ہونے والے پکا قلعہ گراونڈ میں تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تربیتی نشست میں رکن رابطہ کمیٹی سید شاکر علی،سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی واراکین سراج راجپوت،پیر بخش نظامانی،رعنا صدیقی،رکن وصوبائی وزیر زبیر احمد خان،صوبائی وزیر خالد بن ولایت،ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی،حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی سمیت سیکٹرز و یونٹس کے ذمہ داران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں وہ قیادت صرف اورصرف قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہے جنہوں نے نظریہ کی بقاء کی خاطر اپنے بھائی اور بھتیجے کی شہادت قبول کرلی مگر کبھی کسی سرکاری منصب یا عہدے کیلئے اپنے گھر یا خاندان سے کسی شخص کو نامزد نہیں کیا بلکہ گورنر،وزیر ارکان پارلیمنٹ سب کارکنان میں سے نامزد کیا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد میں کارکنان کا کردار بہت اہم ہے جس کی بدولت ہم معاشرے میں مثبت تبدیلی رونما کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے افکار وفلسفہ پرعمل پیرا ہوکر ہم ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردارادا کرسکتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ آج تحریک کو اتحاد کی پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے اور اتحاد صرف اورصرف نظم وضبط سے ہی حاصل ہوتا ہے لہٰذا کارکنان اپنا نظم ضبط مزید بہتر بنائیں تاکہ ہم ہر آنے والے حالات کا متحد ومنظّم ہوکر مقابلہ کرسکیں۔اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی سید شاکر علی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے مظلوم ومحکوم عوام کو مسائل کی دلدل سے نجات دلانے کیلئے ایم کیوایم کا جو پودا لگایا تھا آج وہ ایک تناور درخت بن چکا ہے اوراسکی شاخیں کراچی سے کشمیر تک پھیل گئیں ہیں اوروہ دن دورنہیں جب ملک سے ظلم وجبر کا راج ختم ہوگا اورجلدحق پرستی کا سورج طلوع ہوگا۔تربیتی نشست سے ایم کیوایم سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی نے بھی خطاب کیا۔

## جامعہ کراچی کے ڈین آف سائنسز ابوذر واجدی کے والد کے انتقال پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کا اظہارِ افسوس

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے جامعہ کراچی کے ڈین آف سائنسز ابوذر واجدی کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او کے سابقہ چیئرمین فرحان شمس کی دادی کے انتقال پر اے پی ایم ایس او کا اظہارِ تعزیت

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس کی مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او کے سابقہ چیئرمین فرحان شمس کی دادی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆